نیشنل انڈر19 تین روزہ ٹورنامنٹ کے چوتھے راونڈ کا اختتام ناردرن نے سندھ کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی

راولپنڈی ،20نومبر 2020 :

نیشنل انڈر19 تین روزہ ٹورنامنٹ کے چوتھے راونڈ کے میچ میں ناردرن نے سندھ کے خلاف سات وکٹوں سے کامیابی حاصل کر لی۔ ایوب پارک گراونڈ راولپنڈی میں کھیلے جانے والے میچ میں ناردرن کو 221 رنز کا ہدف ملا تھا۔ ناردرن نے دو رنز بغیر کسی نقصان کے تیسرے روز کھیل کا آغاز کیا اور تین وکٹیں کھونے کے بعد ٹارگٹ حاصل کر لیا۔۔ شعیب خان اور مبشر خان نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور دونوں بیٹسمینوں نے ناقابل شکست رہتے ہوئے بلترتیب 80 اور 60 رنز بنائے۔ شعیب خان کی اننگز میں 6 چوکے جبکہ مبشر خان کی اننگز میں 9 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ حسن عابد کیانی نے 52، کامران ریاض نے 19 جبکہ عبدالفصیح نے 5 رنز بنائے۔ سندھ کے عالیان محمود نے دو وکٹیں حاصل کیں۔۔ سندھ نے پہلی اننگز میں 298 رنز بنائے لیکن دوسری اننگز میں صرف 89 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ ناردن پہلی اننگز میں 167 رنز بنا سکی تھی۔

نیشنل انڈر19 تین روزہ ٹورنامنٹ میں بلوچستان اور سنٹرل پنجاب کی انڈر19 ٹیموں کے درمیان میچ ہار جیت کا فیصلہ ہوئے بغیر ختم ہوگیا۔ کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں سنٹرل پنجاب نے دوسری اننگز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 224 رنز بنائے۔۔ ثمیر ثاقب 70 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ میچ میں بلوچستان انڈر19 نے پہلی اننگز میں 205 رنز بنائے جس کے جواب میں سنٹرل پنجاب کی ٹیم 88 رنز بنا کر اوٹ ہوگئی۔ جبکہ بلوچستان نے دوسری اننگز میں 128 رنز بنائے۔ سنٹرل پنجاب کو میچ جیتنے کے لیے 246 رنز کا ہدف ملا تھا لیکن کھیل کے اختتام تک 8 وکٹوں کے نقصان پر 224 رنز ہی بنا سکے۔

نیشنل انڈر19 تھری ٹورنامنٹ میں شالیمار گراونڈ اسلام آباد میں خیبر پختونخواہ اور سدرن پنجاب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا میچ بھی ڈراہو گیا۔ تیسرے روز کھیل کے اختتام پر سدرن پنجاب کی ٹیم نے دووکٹوں کے نقصان پر 224 رنزبنائے۔ محمد فیضان ظفرنے 101 رنزکی عمدہ اننگز کھیلی۔ اس سے قبل سدرن پنجاب نے پہلی اننگز میں 214 رنزبنائے جس کے جواب میں خیبر پختونخواہ نے 372 رنزبنائے۔

– ENDS –

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.